**Lang. Code : 20**

इस पुस्तिका में **16** पृष्ठ हैं ।
This booklet contains **16** pages.

# AAT-20-I

**प्रश्न-पत्र I / PAPER I**

**उर्दू भाषा परिशिष्ट**

**Urdu Language Supplement**

**भाग IV & V / PART IV & V**

परीक्षा पुस्तिका संकेत
**Test Booklet Code**

**I**

परीक्षा पुस्तिका संख्या
**Test Booklet No.**

**इस परीक्षा पुस्तिका को तब तक न खोलें जब तक कहा न जाए ।**
**Do not open this Test Booklet until you are asked to do so.**
**इस परीक्षा पुस्तिका के पिछले आवरण (पृष्ठ 15 व 16)पर दिए निर्देशों को ध्यान से पढ़ें ।**
**Read carefully the Instructions on the Back Cover (Page 15 & 16) of this Test Booklet.**

**उर्दू में निर्देशों के लिए इस पुस्तिका का पृष्ठ 2 देखें । / For instructions in Urdu see Page 2 of this Booklet.**

## परीक्षार्थियों के लिए निर्देश

1. यह पुस्तिका मुख्य परीक्षा पुस्तिका की एक परिशिष्ट है, उन परीक्षार्थियों के लिए जो **या** तो भाग IV (भाषा I) **या** भाग V (भाषा II) **उर्दू** भाषा में देना चाहते हैं, लेकिन **दोनों नहीं** ।
2. परीक्षार्थी भाग I, II, III के उत्तर मुख्य परीक्षा पुस्तिका से दें और भाग IV व V के उत्तर उनके द्वारा चुनी भाषाओं से ।
3. अंग्रेज़ी व हिन्दी भाषा पर प्रश्न मुख्य परीक्षा पुस्तिका में भाग IV व भाग V के अन्तर्गत दिए गए हैं । भाषा परिशिष्टों को आप अलग से माँग सकते हैं ।
4. इस पृष्ठ पर विवरण अंकित करने एवं उत्तर पत्र पर निशान लगाने के लिए **केवल काले/नीले बॉल पॉइंट पेन** का प्रयोग करें ।
5. इस भाषा पुस्तिका का **संकेत** है **I** । यह सुनिश्चित कर लें कि इस भाषा परिशिष्ट पुस्तिका का संकेत, उत्तर पत्र के **पृष्ठ-2** एवं मुख्य परीक्षा पुस्तिका पर छपे संकेत से मिलता है । अगर यह भिन्न हो, तो परीक्षार्थी दूसरी भाषा परिशिष्ट परीक्षा पुस्तिका लेने के लिए निरीक्षक को तुरन्त अवगत कराएँ ।
6. इस परीक्षा पुस्तिका में **दो** भाग IV और V हैं, जिनमें **60** वस्तुनिष्ठ प्रश्न हैं, जो प्रत्येक 1 अंक का है :
   भाग-IV : भाषा I - (उर्दू) (प्र. 91 से प्र. 120)
   भाग-V : भाषा II - (उर्दू) (प्र. 121 से प्र. 150)
7. भाग-IV में भाषा-I के लिए 30 प्रश्न और भाग-V में भाषा-II के लिए 30 प्रश्न दिए गए हैं । इस परीक्षा पुस्तिका में केवल उर्दू भाषा से संबंधित प्रश्न दिए गए हैं । **यदि भाषा-I और/या भाषा-II में आपके द्वारा चुनी गई भाषा(एँ) उर्दू के अलावा है तो कृपया उस भाषा वाली परीक्षा पुस्तिका माँग लीजिए । जिन भाषाओं के प्रश्नों के उत्तर आप दे रहे हैं वह आवेदन पत्र में चुनी गई भाषाओं से अवश्य मेल खानी चाहिए ।**
8. **परीक्षार्थी भाग-V (भाषा-II) के लिए, भाषा सूची से ऐसी भाषा चुनें जो उनके द्वारा भाषा I (भाग-IV) में चुनी गई भाषा से भिन्न हो ।**
9. रफ कार्य परीक्षा पुस्तिका में इस प्रयोजन के लिए दी गई खाली जगह पर ही करें ।
10. सभी उत्तर केवल OMR उत्तर पत्र पर ही अंकित करें । अपने उत्तर ध्यानपूर्वक अंकित करें । उत्तर बदलने हेतु श्वेत रंजक का प्रयोग निषिद्ध है ।

## *INSTRUCTIONS FOR CANDIDATES*

1. This booklet is a supplement to the Main Test Booklet for those candidates who wish to answer **EITHER** Part IV (Language I) **OR** Part V (Language II) in **URDU** language, but **NOT BOTH**.
2. Candidates are required to answer Parts I, II, III from the Main Test Booklet and Parts IV and V from the languages chosen by them.
3. Questions on English and Hindi languages for Part IV and Part V have been given in the Main Test Booklet. Language Supplements can be asked for separately.
4. Use **Black/Blue Ball Point Pen only** for writing particulars on this page / marking responses in the Answer Sheet.
5. The CODE for this Language Booklet is **I**. Make sure that the CODE printed on **Side-2** of the Answer Sheet and on your Main Test Booklet is the same as that on this Language Supplement Test Booklet. In case of discrepancy, the candidate should immediately report the matter to the Invigilator for replacement of the Language Supplement Test Booklet.
6. This Test Booklet has **two** Parts, IV and V, consisting of **60** Objective Type Questions, each carrying 1 mark :
   Part-IV : Language I - (Urdu) (Q. 91 to Q. 120)
   Part-V : Language II - (Urdu) (Q. 121 to Q. 150)
7. Part-IV contains 30 questions for Language-I and Part-V contains 30 questions for Language-II. In this Test Booklet, only questions pertaining to Urdu language have been given. **In case the language/s you have opted for as Language-I and/or Language-II is a Language other than Urdu, please ask for a Test Booklet that contains questions on that language. The language being answered must tally with the languages opted for in your Application Form.**
8. **Candidates are required to attempt questions in Part -V (Language-II) in a language other than the one chosen as Language-I (in Part-IV) from the list of languages.**
9. Rough work should be done only in the space provided in the Test Booklet for the same.
10. The answers are to be recorded on the OMR Answer Sheet only. Mark your responses carefully. No whitener is allowed for changing answers.

परीक्षार्थी का नाम (बड़े अक्षरों में) : ____________________
Name of the Candidate (in Capitals) :
अनुक्रमांक : (अंकों में) ____________________
Roll Number : in figures
: (शब्दों में) ____________________
: in words
परीक्षा केन्द्र (बड़े अक्षरों में) : ____________________
Centre of Examination (in Capitals) :
परीक्षार्थी के हस्ताक्षर : ____________________ निरीक्षक के हस्ताक्षर : ____________________
Candidate's Signature : Invigilator's Signature :
Facsimile signature stamp of
Centre Superintendent ____________________

I

امتحان سوالنامہ کوڈ

**I**

# AAT-20-I

# Lang. Code : 20

پرچہ - I

## ضمیمہ اُردو زبان

حصّہ IV ، V

اس کتابچہ میں **16** صفحات ہیں

اس سوال نامے کو اُس وقت تک نہ کھولیں جب تک کہا نہ جائے۔

سوال نامے کی پشت **15** ، **16** پر دی گئی ہدایات کو غور سے پڑھیں۔

**امیدواروں کے لیے ہدایات :**

1. یہ کتابچہ ان امیدواروں کے لیے بنیادی سوال نامے کا ضمیمہ ہے جو اُردو زبان کے حصّہ IV (زبان I) **یا** حصّہ V (زبان II) میں جواب دینا چاہتے ہیں۔ **مگر دونوں میں نہیں۔**
2. امیدواروں کو بنیادی سوال نامے کے حصّہ I، II، III کے جواب بنیادی سوال نامے سے دیں اور حصّہ IV، V کے جوابات زبانوں میں لکھنے ہوں گے جن کا انھوں نے انتخاب کیا ہے۔
3. حصّہ IV اور V میں ہندی اور انگریزی زبانوں کے سوالات بنیادی سوال نامے میں دیے گئے ہیں۔ زبان کے ضمیمے کو الگ سے مانگا جا سکتا ہے۔
4. اس صفحے پر جواب لکھنے/کوائف لکھنے کے لیے **صرف کالے/ نیلے بال پین** کا ہی استعمال کریں۔
5. اس سوال نامے کا کوڈ **I** ہے۔ جواب نامے کے دوسری جانب دیا گیا کوڈ اور آپ کے بنیادی سوال نامے کا کوڈ ایک ہی ہونا چاہیے، جیسا زبان کے صفحے **2** پر ہے۔ اگر اُس میں کہیں کوئی فرق ہے تو اُمّید وار کو فوراً نگراں کو اطلاع دے کر اس سے زبان کے سوال نامے کا دوسرا ضمیمہ طلب کرنا ہوگا۔
6. اس سوال نامے کے **دو حصّے** ہیں، IV اور V جو **60** معروضی سوالات پر مشتمل ہیں۔ ہر سوال کا **ایک (1)** نمبر ہے۔
   حصّہ IV زبان I اُردو (سوال نمبر 91 تا 120)
   حصّہ V زبان II اُردو (سوال نمبر 121 تا 150)
7. حصّہ IV زبان I کے 30 سوال اور حصّہ V زبان II کے 30 سوال ہیں۔ اس سوال نامے میں صرف اُردو کے سوالات ہیں۔ **اگر آپ نے اس زبان/زبانوں کو زبان I اور/یا زبان II کی حیثیت سے انتخاب کیا ہے جو اُردو زبان نہیں ہے تو اسی زبان کا سوال نامہ طلب کیجیے۔ آپ کے جواب اسی زبان میں ہونے چاہئیں جسے آپ نے اپنی درخواست میں انتخاب کیا ہے۔**
8. **امیدواروں نے زبان I (حصّہ IV) کی حیثیت سے جس زبان کا انتخاب کیا ہے حصّہ V (زبان II) کے جواب انھیں اس کے علاوہ فہرستِ زبان میں سے دی گئی زبانوں میں سے کسی میں دینے ہوں گے۔**
9. امیدوار کو کچّا کام امتحان کے سوال نامے میں دی گئی خالی جگہ میں ہی کرنا ہوگا۔
10. جوابات کا اندراج صرف OMR جواب نامے پر ہی کرنا ہوگا۔ جوابی نشانات احتیاط سے لگائیں۔ سفیدے کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

امیدوار کا نام : (جلی حروف میں) ______________________

رول نمبر : اعداد میں ______________________

: الفاظ میں ______________________

امتحان کا مرکز : (جلی حروف میں) ______________________

امیدوار کے دستخط : ______________________ نگراں کے دستخط ______________________

سینٹر سپرنٹنڈنٹ کے دستخط کی مہر ______________________

اُمّید وار سوالوں کے جواب حصّہ-IV (سوال نمبر 91 تا 120) صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-I کا اوپشن اُردو چنا ہو۔

**Candidates should attempt questions from Part-IV (Q.No. 91-120), if they have opted URDU as Language-I only.**

## حصّہ - IV
## زبان - I
## اُردو

اُمّید وار سوالوں کے جواب حصّہ-IV (سوال نمبر 91 تا 120) صرف تب ہی دیں اگر اُنھوں نے زبان-I کا اوپشن اُردو چنا ہو۔

**ہدایات :** نیچے دی ہوئی عبارت کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے۔ **(سوال نمبر 91 تا 99)**

بجلی نے انسان کی زندگی میں بڑا آرام اور سکھ پیدا کیا ہے۔ اس نے انسان کے لیے کئی طرح کی آسانیاں مہیّا کی ہیں۔ بجلی کئی طرح سے تیار کی جاتی ہے جو انسان کے بیسیوں کام میں استعمال ہوتی ہے۔ سب سے زیادہ کام سورج کرتا ہے، سورج کی گرمی کی بدولت سمندروں اور دریاؤں کا پانی بخارات بن کر دوبارہ پانی کی صورت میں برستا ہے پھر ندی نالے اس پانی سے بھر جاتے ہیں۔ پانی سے بھرے ندی نالے بجلی گھروں کو جنم دیتے ہیں۔ پانی کے زور اور طاقت سے ایک پہیّا گھومتا ہے جسے ٹربائن کہتے ہیں۔ اس ٹربائن سے مقناطیس لگا ہوتا ہے جو اس کے ساتھ ساتھ گھومتا رہتا ہے۔ اس مقناطیسی اور تانبے کے تاروں کے سلسلے کو جینر یٹر کہتے ہیں۔ پانی کے بجلی گھروں کو چلانے کے لیے کروڑوں من پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ آج کل سستی اور بھاری پیمانے پر بجلی پیدا کرنے کے لیے ایٹمی توانائی یعنی یورینیم کا استعمال کیا جا رہا ہے۔ جس جگہ یورینیم کا استعمال ہوا ہو، اسے ایٹمی بجلی گھر کہیں گے۔

**91.** سورج کی گرمی کی بدولت سمندروں اور دریاؤں کا پانی کیا بن کر دوبارہ پانی کی شکل میں برستا ہے؟
(1) بارش بن کر
(2) بھاپ بن کر
(3) بلبلے بن کر
(4) بخارات بن کر

**92.** پانی سے بھرے ندی نالے کس کو جنم دیتے ہیں ؟
(1) ایٹمی گھروں کو
(2) بجلی گھروں کو
(3) تارگھروں کو
(4) یورینیم کے گھروں کو

**93.** ٹربائن کسے کہتے ہیں ؟
(1) ہوا کے زور سے گھومنے والا پہیّہ
(2) پانی کے زور اور طاقت سے گھومنے والا پہیّہ
(3) ہاتھ کی طاقت سے گھومنے والا پہیّہ
(4) ہاتھ کی طاقت اور ہوا کے زور سے گھومنے والا پہیّہ

**94.** مقناطیسی اور تانبے کے تاروں کے سلسلے کو کیا کہتے ہیں ؟
(1) جینر یٹر
(2) ریفریجریٹر
(3) بیرومیٹر
(4) کنڈنسر

**95.** آج کل سستی اور بھاری پیمانے پر بجلی پیدا کرنے کے لیے کس کا استعمال کیا جا رہا ہے ؟

(1) شمسی توانائی

(2) ایٹمی توانائی یعنی یورینیم

(3) برقی توانائی

(4) قمری توانائی

**96.** جگہ کی جمع ہے

(1) جگہوں

(2) جگاہوں

(3) جگاہات

(4) جگاہاتوں

**97.** سُکھ کا متضاد ہے

(1) تکلیف

(2) دُکھ

(3) پریشانی

(4) درد

**98.** انسان کی زندگی میں بڑا آرام، سکھ اور آسانیاں کس نے فراہم کی ہیں ؟

(1) ہوائی جہاز نے

(2) انٹرنیٹ نے

(3) بجلی نے

(4) کمپیوٹر نے

**99.** بجلی کو بنانے میں سب سے زیادہ کام کون کرتا ہے ؟

(1) سورج

(2) چاند

(3) سیّارے

(4) تارے

**ہدایات :** نیچے دیے ہوئے شعری حصّے کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے۔ **(سوال نمبر 100 تا 105)**

منزل کوئی نہ جادۂ منزل نظر میں ہے
لیکن حیات ہے کہ مسلسل سفر میں ہے
وہ اک تڑپ کہ جس سے عبارت ہے زندگی
کچھ سنگِ در میں کچھ مرے سودائے سر میں ہے
جچتے نہیں بہشت کے منظر نگاہ میں
جس دن سے اک بہشتِ خراماں نظر میں ہے
جائیں کہاں نکل کے تری رہ گزر سے ہم
ہر منزلِ حیات تری رہ گزر میں ہے
میری یہی خطا ہے بس اے اہلِ بُت کدہ
شمعِ حرم کا نور بھی میری نظر میں ہے

**100.** شاعر کے نزدیک زندگی کس سے عبارت ہے ؟

(1) اک تڑپ سے

(2) اک جنون سے

(3) اک درد سے

(4) اک غم سے

**101.** تیسرے شعر کے پہلے مصرعے میں شاعر کو کس کے منظر نگاہ میں جچتے نہیں ہیں ؟

(1) بہشت کے منظر

(2) باغوں کے منظر

(3) پہاڑوں کے منظر

(4) وادیوں کے منظر

**.102** شاعر نے منزلِ حیات کس کو بتایا ہے؟

(1) اپنے محبوب کے حسن کو

(2) اپنے محبوب کی رہ گزر کو

(3) اپنے محبوب کی آنکھوں کو

(4) اپنے محبوب کے سراپا کو

**.103** شمعِ حرم کا نور بھی میری _____ میں ہے
ذیل میں دیے گئے لفظوں میں سے صحیح لفظ بھریے :

(1) نظر

(2) نگاہ

(3) قدر

(4) فطرت

**.104** زندگی کا متضاد ہے

(1) موت

(2) حیات

(3) وفات

(4) ممات

**.105** پہلے شعر کے دوسرے مصرعے میں شاعر کس کو مسلسل سفر میں بتا رہا ہے؟

(1) کائنات کو

(2) حیات کو

(3) ستاروں کو

(4) سیّاروں کو

**ہدایات :** نیچے دیے ہوئے سوال کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے۔ **(سوال نمبر 106 تا 120)**

**.106** درج ذیل میں سے کون قواعد پڑھانے کا ایک موثر طریقہ ہے؟

(1) مثالوں کے ساتھ قواعد کے اصولوں کی تدریس

(2) متن کا ترجمہ کرتے ہوئے قواعد کے اصولوں کی تدریس

(3) قواعد کی مخصوص کتاب کی مدد سے قواعد کی تدریس

(4) قواعد کے اصولوں کی دریافت میں معاون سیاق میں قواعد کی تدریس

**.107** ''سماجی تعامل'' کے تصور کا تعلق کس سے ہے؟

(1) پانینی (Panini)

(2) اسکینر (Skinner)

(3) وائگوتسکی (Vygotsky)

(4) کوہلبرگ (Kohlberg)

**.108** درج ذیل میں سے کون بچوں کے زبان کے اکتساب میں معاون ہوتا ہے؟

(1) گھر کا ماحول جہاں بچے کو زیادہ بولنے کی آزادی نہیں ہے

(2) گھر اور اس کے آس پاس بڑوں کی باتوں کو سننا

(3) بچوں سے کہی ہوئی باتوں اور جملوں کو دہرانے کے لیے کہنا

(4) دوسرے بچوں کے ساتھ کھیلنا

**109.** بچے فطری انداز میں زبان کا اکتساب کرتے ہیں اگر انھیں روبرو کیا جائے

(1) ایک وقت میں صرف ایک زبان کے

(2) اردگرد موجود ایک سے زائد زبان کے

(3) صرف الکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کے

(4) کسی زبان کے قواعدی ساخت کے

**110.** درج ذیل میں سے کون متن کے مطالعے کے لیے سب سے اہم ہے ؟

(1) متن کے ہر لفظ کو پڑھنا

(2) اعراب پر توجہ مرکوز کرنا

(3) تحریر کردہ متن کے معانی معلوم کرنا

(4) صحیح تلفظ کے ساتھ باآواز بلند پڑھنا

**111.** درج ذیل میں سے کون زبان کی تدریس کے مقاصد میں شامل نہیں ہے ؟

(1) سمجھ کر پڑھنے کی صلاحیت

(2) کوشش سے خیالات کا اظہار

(3) جو کچھ سن رہے ہیں اس کو سمجھنے کی مہارت

(4) مربوط تحریر کو فروغ دینا

**112.** صوتیاتی آگہی زیادہ تر متعلق ہوتی ہے

(1) سننے کی صلاحیت سے

(2) بولنے کی صلاحیت سے

(3) پڑھنے کی صلاحیت سے

(4) لکھنے کی صلاحیت سے

**113.** نوم چومسکی کا ماننا ہے کہ بچوں میں زبان کی قدرتی مہارت ہوتی ہے، یعنی اس کے

(1) اکتساب کی

(2) نقل کی

(3) تبدیلی کی

(4) ترجمہ کی

**114.** زبان کی مہارتوں کی تدریس ہونی چاہیے

(1) نقل کے ذریعے

(2) الگ تھلگ

(3) تفصیلی وضاحت کے ذریعے

(4) ایک مربوط انداز میں

**115.** استانی ابتدائی درجات کے طلبا کو کچھ تصویریں بنانے اور ان میں رنگ بھرنے کے لیے کہتی ہے۔ اس طرح وہ

(1) کلاس میں خاموشی بنائے رکھنے کے لیے طلبا کو مصروف رکھتی ہے

(2) لطیف حرکی مہارت کو فروغ دے رہی ہے

(3) ابھرتے فن کار بچوں کو موقع فراہم کر رہی ہے

(4) بچوں کو صرف کام میں شامل کر رہی ہے

**116.** درج ذیل میں سے کون سے عمل زبان کے بولنے کی مہارت کو فروغ دینے میں سب سے زیادہ معاون ہوں گے ؟

(1) انفرادی اور اجتماعی طور پر نظموں کو پڑھنا

(2) رول پلے (Role Play) میں شرکت

(3) درسی کتاب کے کسی سبق کا استاد کے بعد اجتماعی طور پر پڑھنا

(4) استاد کے بعد اجتماعی طور پر نظموں کے صحیح تلفظ کی مشق کرنا

**117.** تیسری جماعت کا استاد طلبا سے کہانی کو اس ترتیب سے بیان کرنے کے لیے کہتا ہے جیسا کہ سبق میں دیا گیا ہے، یہ سرگرمی معاون ہوگی

(1) عبارت کو سمجھ کر پڑھنے میں

(2) قابل فہم مواد میں

(3) لکھنے کی مہارت کے اضافے میں

(4) طلبا کے بات کرنے کے وقت کے اضافے میں

**118.** دوسری جماعت کا استاد کلاس روم میں رکھی ہوئی چیزوں پر پرچیاں چسپاں کر دیتا ہے۔ تحریر کردہ لفظ اصل چیز سے مربوط کرنے میں طلبا کی مدد کرتے ہیں۔ اس طرح کی سرگرمیاں طلبا کی کس صلاحیت کو نکھارنے میں بھی معاون ہوتی ہیں ؟

(1) قواعد

(2) تحریری مہارت

(3) ذخیرۂ الفاظ

(4) لکھاوٹ

**119.** درج ذیل میں سے کون بچے کی لسانی مہارت کی جانچ میں کم موثر ہے ؟

(1) کہانی سنانا

(2) کہانی لکھنا

(3) کسی حادثے کو بیان کرنا

(4) املا

**120.** درج ذیل میں سے کون سا سوال بچوں کی زبان کی صلاحیت کے اضافے میں سب سے زیادہ معاون ہوگا ؟

(1) اپنی پسندیدہ کتابوں میں سے کسی ایک کا نام

(2) لفظ ''ترجیح'' کے استعمال سے ایک جملہ بنانا

(3) اپنے اور اپنی والدہ کے درمیان ہونے والا مکالمہ تحریر کرنا

(4) مطالعہ کردہ نظم کے خالق کا نام لکھنا

اُمّید وار سوالوں کے جواب حصّہ-V (سوال نمبر 121 تا 150) صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-II کا اوپشن اُردو چنا ہو۔

**Candidates should attempt questions from Part-V (Q.No. 121-150), if they have opted URDU as Language-II only.**

## حصّہ - V
## زبان - II
## اُردو

**اُمّید وار سوالوں کے جواب حصّہ-V (سوال نمبر 121 تا 150) صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-II کا اوپشن اُردو چنا ہو۔**

**ہدایات :** نیچے دی ہوئی عبارت کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے۔ **(سوال نمبر 121 تا 128)**

ریاست کیرالا کرناٹک کے جنوب مغرب میں واقع ہے۔ اس ریاست سے کرناٹک اور تامل ناڈو کی سرحدیں ملتی ہیں۔ کیرالا میں چاروں طرف ناریل کے درخت ہی درخت نظر آتے ہیں۔ کیرالا کے معنی ناریل کا گھر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس ریاست کا نام کیرالا پڑا۔ یہاں کی زبان ملیالم ہے۔ کتھاکلی یہاں کامشہور ناچ ہے اور اونم یہاں کا خاص تہوار ہے۔ جنوبی ہندوستان میں سب سے زیادہ بارش کیرالا ہی میں ہوتی ہے۔ یہاں کا زیادہ تر علاقہ پہاڑی ہے۔ گرمی بھی بہت پڑتی ہے۔ کیرالا میں سمندر جگہ جگہ اندر تک چلا گیا ہے اور یہی اس کی سب سے بڑی خوبصورتی ہے۔ کیرالا کے ہرے بھرے جنگل دیکھنے کے قابل ہیں۔ ان جنگلوں میں ہاتھیوں کے جھُنڈ کے جھُنڈ نظر آتے ہیں۔ ان میں روزوڈ اور ساگوان کے درخت بھی پائے جاتے ہیں۔

**121.** کیرالا میں چاروں طرف کون سے درخت نظر آتے ہیں ؟
(1) کیلے کے درخت
(2) ناریل کے درخت
(3) سیب کے درخت
(4) آم کے درخت

**122.** کیرالا کا خاص تہوار کون سا ہے ؟
(1) پونگل
(2) دسہرہ
(3) اونم
(4) کرسمس

**123.** کیرالا میں زیادہ تر علاقہ کیسا ہے ؟
(1) پہاڑی
(2) میدانی
(3) پتھریلا
(4) بنجر

**124.** کیرالا کے ہرے بھرے جنگلوں میں کس کے جھُنڈ نظر آتے ہیں؟

(1) ٹڈیوں کے جھنڈ

(2) بندروں کے جھنڈ

(3) ہاتھیوں کے جھُنڈ

(4) ہرنوں کے جھنڈ

**125.** کیرالا کے جنگلوں میں اور کون سے درخت پائے جاتے ہیں ؟

(1) روزوڈ اور ساگوان کے

(2) شیشم اور ساگوان کے

(3) پام اور کھجور کے

(4) چیڑ اور سفیدے کے

**126.** سرحد کی جمع ہے

(1) سرحدیں

(2) سراحِد

(3) سراحدوں

(4) سراحدیں

**127.** خاص کا متضاد ہے

(1) عام

(2) معمولی

(3) مخصوص

(4) خاصیت

**128.** ریاست کیرالا سے کن دو ریاستوں کی سرحدیں ملتی ہیں ؟

(1) کرناٹک اور تامل ناڈو

(2) اڑیسہ اور چینئی

(3) آسام اور منی پور

(4) آندھراپردیش اور بنگال

**ہدایات :** نیچے دی ہوئی عبارت کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے : (سوال نمبر **129** تا **135**)

باغبانی شروع کرنے کے لیے سب سے اچھا موسم برستا ہے۔ برسات کے موسم میں زمین نم رہتی ہے۔ گرمی کے موسم میں زمین سوکھ جاتی ہے اور سوکھی زمین پر پودا زندہ نہیں رہ سکتا۔ پودوں کے لیے تین چیزیں بہت ضروری ہیں زمین یا مٹی، دوسری چیز پانی اور تیسری چیز دھوپ اور روشنی۔

باغبانی آرائش و زیبائش کا کام ہے۔ ہمیشہ کیاریاں سیدھی اور سلیقے سے بنانی چاہئیں۔ باغبانی کرتے وقت دو باتوں کا ہمیشہ خیال رکھنا ضروری ہے۔ پہلا یہ کہ تھوڑا تھوڑا کام روزانہ کرنا بہتر ہوتا ہے۔ دوسرے یہ کہ باغ کی حفاظت اچھی طرح کریں۔

**129.** کیسی زمین پر پودا زندہ نہیں رہ سکتا ؟

(1) سوکھی زمین پر

(2) ریتیلی زمین پر

(3) پتھریلی زمین پر

(4) بنجر زمین پر

**130.** باغبانی کرتے وقت ہمیشہ کیاریاں کیسی بنانی چاہئیں ؟

(1) تھوڑی تھوڑی دوری پر بنانی چاہئیں

(2) بہت قریب قریب بنانی چاہئیں

(3) ٹیڑھی بنانی چاہئیں

(4) سیدھی اور سلیقے سے بنانی چاہئیں

**131.** باغبانی کس طرح کا کام ہے ؟

(1) محنت سے بھرپور کام

(2) مشکل اور سخت کام

(3) آرائش و زیبائش کا کام

(4) سجاوٹ اور میناکاری کا کام

**132.** باغبانی کرتے وقت روزانہ تھوڑا کام کرنے کے علاوہ اور دوسرا کام کیا کرنا چاہیئے ؟

(1) باغ کی حفاظت اچھی طرح کرنی چاہیے

(2) باغ میں دوائی چھڑکنی چاہیے

(3) باغ میں کھاد اچھی طرح ڈالنی چاہیے

(4) پرندوں سے بچانا چاہیے

**133.** خیال کی جمع ہے

(1) خیالات

(2) خیالاتیں

(3) خیالاتوں

(4) خیالاتین

**134.** دھوپ کا متضاد ہے

(1) اندھیرا

(2) چھاؤں

(3) سایہ

(4) چھایا

**135.** زمین کس موسم میں نم رہتی ہے ؟

(1) بہار کے موسم میں

(2) برسات کے موسم میں

(3) سردی کے موسم میں

(4) پت جھڑ کے موسم میں

**ہدایات** : نیچے دیے ہوئے سوالوں کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے۔ **(سوال نمبر 136 تا 150)**

**136.** درج ذیل میں سے کون زبان کے اکتساب میں بچے کے لیے سب سے اہم رول ادا کرتا ہے ؟

(1) استاد

(2) گھر

(3) اسکول

(4) میڈیا

**137.** قواعد کے اصولوں کو یاد کرنا اس طریقہ کار کی بنیاد ہے

(1) ساختیاتی طریقہ

(2) راست طریقہ

(3) قواعد کا وضاحتی طریقہ

(4) فطری طریقہ

**138.** زبان کی آموزش میں کوئی اہمیت نہیں ہوتی ہے

(1) ترتیب کی

(2) خوداعتمادی کی

(3) آموزشی رویے کی

(4) ترجمہ کی

**139.** آپ بچوں کو لکھنے کے بارے میں بتانے کے لیے ایک استاد کی حیثیت سے کیا کریں گے ؟

(1) بچوں سے اس زبان کے حروف تہجی لکھنے کے لیے کہیں گے

(2) بچوں کو اپنے خیالات قلم بند کرنے کا موقع فراہم کیا جائے گا

(3) بچوں سے پہلے یاد کرنے اور پھر خوش خط انداز میں ایک اقتباس لکھنے کے لیے کہا جائے گا

(4) بچوں کو تختۂ سیاہ سے حروف کو لکھنے کا موقع فراہم کیا جائے گا

**140.** بچوں کے لیے تدریسی آموزشی مواد (TLM) کے انتخاب میں سب سے اہم نکتہ کیا ہے؟

(1) اسے قریبی بازار میں دست یاب ہونا چاہیئے

(2) اسے بہت زیادہ مہنگا نہیں ہونا چاہیئے

(3) اسے صرف طلبا کا تیارکردہ ہونا چاہیئے

(4) اسے سیاق کے مطابق اور مربوط انداز میں استعمال ہونے والا ہونا چاہیئے

**141.** دوسری جماعت کے چند طلبا کو بعض صوتیوں کی ادائیگی میں پریشانی ہوتی ہے، طلبا کی اس پریشانی کو حل کرنے کے لیے سب سے موثر حکمتِ عملی کیا ہوگی؟

(1) انسانی منہ کے ایک ماڈل کے استعمال سے خاص صوتیہ کی حامل ادائیگی کے نکتوں کو پیش کرنا چاہیئے

(2) اسے ہم قافیہ لفظوں اور پورے لفظ میں صوتیہ کی تخلیق اور شناخت جیسی جوڑوا سرگرمی کا کم سے کم استعمالکرنا چاہیئے

(3) متن کو باآواز بلند پڑھنا اور صوتیوں کو نمایاں کرکے ان کے استعمال کی وضاحت کرنی چاہیئے

(4) طلبا کو مشق دی جائے تاکہ اسے بار بار دہرا کر اپنی پریشانی پر قابو پاسکیں

**142.** تدریس کے کس طریقے میں پہلے قواعد کے اصولوں پر توجہ دی جاتی ہے پھر اسی بنیاد پر بہت سی مثالیں پیش کی جاتی ہیں؟

(1) استقرائی طریقہ

(2) استخراجی طریقہ

(3) قواعد کے وضاحت کا طریقہ

(4) راست طریقہ

**143.** آموزگار کس طرح زبان کا اکتساب کرتا ہے؟

(1) فطری تعاملی ماحول میں زبان کو برت کر

(2) زبان کی ساخت کا تجزیہ کرکے

(3) زبان کے ادب کا مطالعہ کرکے

(4) زبان کے بولنے والوں کی ثقافت کا مطالعہ کرکے

**144.** درج ذیل میں سے کون لطیف حرکی مہارت کو فروغ دینے کی مثال ہے؟

(1) چڑھنا

(2) اچھلنا، کودنا

(3) لکھنا

(4) پڑھنا

**145.** استاد کے ذریعہ پوچھے گئے سوالات میں سے کون سوال کلاس روم میں کثیر لسانیت کو فروغ دیتا ہے ؟

(1) ایک غبارہ اڑکر کتنی اونچائی تک جا سکتا ہے ؟

(2) سبزیوں کے نام اپنی زبان میں لکھیں

(3) کیا آپ کے پاس کوئی پالتو جانور ہے

(4) کیا تم خط لکھ چکے ہو

**146.** ابتدائی درجات میں نظموں کو پڑھانا چاہیئے کیوں کہ یہ

(1) آموزگاروں کو ہدف زبان بولنے کا موقع فراہم کرتی ہیں

(2) آموزگاروں کو نظم و ضبط میں رکھتی ہیں

(3) آموزگاروں کو ہدف زبان کے قواعد کی آموزش میں معاون ہوتی ہیں

(4) مشکل الفاظ کی وضاحت اور پھر جملہ سازی میں آموزگاروں کی مدد کرتی ہیں

**147.** ایک استاد نے کلاس روم میں سننے کی سرگرمی کو انجام دینے کا فیصلہ کیا۔ اس نے اس عمل میں آموزگاروں کو شامل کرنے کے لیے چند غوروخوض کی سرگرمیوں/کاموں کا منصوبہ بنایا۔ جیسے دل چسپی پیدا کرنے اور بحث و مباحثہ کے لیے کچھ تفتیشی سوالات۔ اس طرح کی تیاریاں ہوتی ہیں

(1) سننے سے پہلے کی سرگرمیاں

(2) سننے کے درمیان کی سرگرمیاں

(3) سننے کے بعد کی سرگرمیاں

(4) سننے کی سرگرمیوں کی توسیع اور اتباع

**148.** درج ذیل میں سے کون زبان کی کلاس میں تصویر/پوسٹر کے استعمال کے حوالے سے صحیح نہیں ہے ؟

(1) یہ بچوں کو تصویر کے مشاہدے کا موقع فراہم کرتا ہے

(2) یہ بچوں کو اپنے اظہار اور تصویروں کی بنیاد پر کچھ لکھنے کا موقع فراہم کرتا ہے

(3) یہ بچوں کو خیالی دنیا اور کلاس میں تخلیقیت کا موقع فراہم کرتا ہے

(4) یہ بچوں کو سننے کی مہارت کو فروغ دینے کا موقع فراہم کرتا ہے

**149.** یہاں تک کہ ابتدائی خواندگی کی سطح پر ______ کا شمار لکھنے میں ہوتا ہے۔

(1) حروف بنانے

(2) لفظوں کو لکھنے

(3) جملے بنانے

(4) ڈرائنگ (Drawing)

**150.** درج ذیل میں سے کون آموزگاروں کی زبان کی جانچ کے بارے میں سب سے اہم ہے ؟

(1) چیک لسٹ

(2) ریٹنگ اسکیل

(3) پورٹ فولیو

(4) تعامل

**نیچے لکھی ہدایات کو غور سے پڑھیے :**

1. مختلف سوالات کے جوابات دینے کی ترتیب کو واضح طور پر ٹیسٹ بک لیٹ میں دیا گیا ہے۔ آپ سوالوں کا جواب دینے سے قبل اس کو دھیان سے پڑھ لیں۔
2. ہر سوال کے جواب میں دیے گئے چار متبادلوں میں سے درست جواب کے دائرے کو کالے/ نیلے بال پوائنٹ پین سے OMR جوابی شیٹ کی دوسری جانب پوری طرح گہرا کر کے بھر دیں۔ جواب پر ایک بار نشان لگانے کے بعد اُسے تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔
3. امیدوار کو اچھی طرح دیکھ لینا چاہیے کہ جوابی شیٹ موڑی نہ گئی ہو۔ جوابی شیٹ پر کسی قسم کا کوئی نشان نہ چھوڑیں، جوابی شیٹ میں نشان زد کی جگہ کے علاوہ اپنا رول نمبر کہیں دوسری جگہ نہ لکھیں۔
4. سوالنامے اور جوابی شیٹ کو احتیاط سے استعمال کریں، دوسری جوابی شیٹ کسی بھی حال میں (سوائے سوالنامہ کوڈ یا نمبر اور جوابی شیٹ کے کوڈ یا نمبر کے فرق کے ) نہیں دی جائے گی۔
5. امیدوار حاضری کے کاغذ پر، جوابی شیٹ/سوالنامے میں دیے گئے کوڈ کو بالکل درست اور اسی طرح لکھیں جس طرح وہ سوالنامے میں لکھا گیا ہے۔
6. OMR جوابی شیٹ میں بھری ہوئی معلومات کو ایک مشین کے ذریعے پڑھا جائے گا۔ کوئی بھی معلومات داخلہ کارڈ میں دی گئی معلومات سے مختلف نہ ہو اور ادھوری نہ ہوں۔
7. امیدوار کو اپنے داخلہ کارڈ کے علاوہ کسی بھی قسم کا درسی مواد، چھپا ہوا یا لکھا ہوا کاغذ کا ٹکڑا، موبائل فون، پیجر، الیکٹرونک آلات امتحان ہال میں لانے کی اجازت نہیں ہوگی۔
8. امیدوار کو موبائل فون، وائرلیس کمیونی کیشن کے ڈوائسوں کو امتحان ہال کے کمروں میں لانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ امیدوار کو ان کے مفاد میں یہ صلاح دی جاتی ہے کہ وہ اپنے پاس موبائل فون یا کسی دوسرے کمیونی کیشن کو سوئچ آف کر کے بھی اپنے پاس نہ رکھیں۔ ان ہدایت پر عمل نہ کرنے پر امتحان ہال میں غیر مناسب ذرائعوں کا استعمال سمجھا جائے گا اور ان کے خلاف کاروائی کی جائے گی، ان کے امتحان کو رد بھی کیا جا سکتا ہے۔
9. امیدوار کو نگراں کے مانگے جانے پر اپنا داخلہ کارڈ دکھانا ہوگا۔
10. سینٹر سپرنٹنڈنٹ یا نگراں کی اجازت کے بغیر کوئی امیدوار اپنی جگہ نہیں چھوڑے گا۔
11. امیدوار جوابی شیٹ ہال میں موجود نگراں کے سپرد کئے بغیر یا حاضری پر دوبارہ دستخط کئے بغیر کمرے/ ہال سے باہر نہیں نکلیں گے۔ اگر امیدوار حاضری کے کاغذ پر دوبارہ دستخط نہیں کرتا تو اس کا مطلب یہ لیا جائے گا کہ اس نے جوابی شیٹ جمع نہیں کرائی اور اسے غیر قانونی ذرائع کا استعمال سمجھا جائے گا۔
12. الیکٹرونک/ ہاتھ کے کیلکولیٹر کا استعمال ممنوع ہے۔
13. امیدوار کمرۂ امتحان میں، بورڈ کے اصول وضوابط کے پابند ہوں گے۔ غیر قانونی ذرائع کے استعمال کے تمام معاملات سے بورڈ کے اصول و ضوابط کے تحت ہی نپٹا جائے گا۔
14. سوالنامے یا شیٹ کا کوئی حصّہ کسی بھی وجہ سے سوالنامے/ جوابی شیٹ سے الگ نہیں کیا جائے گا۔
15. **امتحان ختم ہونے پر امیدواروں کو جوابی شیٹ ڈیوٹی پر موجود نگراں کے سُپرد کرنی ہوگی۔ امیدوار کو سوال نامہ اپنے ساتھ لے جانے کی اجازت ہوگی۔**

**निम्नलिखित निर्देशों को ध्यान से पढ़ें :**

1. जिस प्रकार से विभिन्न प्रश्नों के उत्तर दिए जाने हैं उसका वर्णन परीक्षा पुस्तिका में किया गया है, जिसे आप प्रश्नों का उत्तर देने से पहले ध्यान से पढ़ लें ।
2. प्रत्येक प्रश्न के लिए दिए गए चार विकल्पों में से सही उत्तर के लिए OMR उत्तर पत्र के **पृष्ठ-2** पर केवल एक वृत्त को ही पूरी तरह **काले/नीले बॉल पॉइन्ट पेन** से भरें । एक बार उत्तर अंकित करने के बाद उसे बदला नहीं जा सकता है ।
3. परीक्षार्थी सुनिश्चित करें कि इस उत्तर पत्र को मोड़ा न जाए एवं उस पर कोई अन्य निशान न लगाएँ । परीक्षार्थी अपना अनुक्रमांक उत्तर-पत्र में निर्धारित स्थान के अतिरिक्त अन्यत्र न लिखें ।
4. परीक्षा पुस्तिका एवं उत्तर पत्र का ध्यानपूर्वक प्रयोग करें, क्योंकि किसी भी परिस्थिति में (केवल परीक्षा पुस्तिका एवं उत्तर पत्र के संकेत या संख्या में भिन्नता की स्थिति को छोड़कर) दूसरी परीक्षा पुस्तिका उपलब्ध नहीं करायी जाएगी ।
5. परीक्षा पुस्तिका / उत्तर पत्र में दिए गए परीक्षा पुस्तिका संकेत व संख्या को परीक्षार्थी सही तरीके से हाज़िरी-पत्र में लिखें ।
6. OMR उत्तर पत्र में कोडित जानकारी को एक मशीन पढ़ेगी । इसलिए कोई भी सूचना अधूरी न छोड़ें और यह प्रवेश-पत्र में दी गई सूचना से भिन्न नहीं होनी चाहिए ।
7. परीक्षार्थी द्वारा परीक्षा हॉल/कक्ष में प्रवेश-पत्र के सिवाय किसी प्रकार की पाठ्य-सामग्री, मुद्रित या हस्तलिखित, कागज़ की पर्चियाँ, पेजर, मोबाइल फोन, इलेक्ट्रॉनिक उपकरण या किसी अन्य प्रकार की सामग्री को ले जाने या उपयोग करने की अनुमति नहीं है ।
8. मोबाइल फोन, बेतार संचार युक्तियाँ (स्वीच ऑफ अवस्था में भी) और अन्य प्रतिबंधित वस्तुएँ परीक्षा हॉल/कक्ष में नहीं लाई जानी चाहिए । इस सूचना का पालन न होने पर इसे परीक्षा में अनुचित साधनों का प्रयोग माना जाएगा और उनके विरुद्ध कार्यवाही की जाएगी, परीक्षा रद्द करने सहित ।
9. पूछे जाने पर प्रत्येक परीक्षार्थी, निरीक्षक को अपना प्रवेश-पत्र दिखाएँ ।
10. केन्द्र अधीक्षक या निरीक्षक की विशेष अनुमति के बिना कोई परीक्षार्थी अपना स्थान न छोड़ें ।
11. कार्यरत निरीक्षक को अपना उत्तर पत्र दिए बिना एवं हाज़िरी-पत्र पर दुबारा हस्ताक्षर किए बिना परीक्षार्थी परीक्षा हॉल/कक्ष नहीं छोड़ेंगे । यदि किसी परीक्षार्थी ने दूसरी बार हाज़िरी-पत्र पर हस्ताक्षर नहीं किए, तो यह माना जाएगा कि उसने उत्तर पत्र नहीं लौटाया है और यह अनुचित साधन का मामला माना जाएगा । **परीक्षार्थी अपने बाएँ हाथ के अंगूठे का निशान हाज़िरी-पत्र में दिए गए स्थान पर अवश्य लगाएँ ।**
12. इलेक्ट्रॉनिक / हस्तचालित परिकलक का उपयोग वर्जित है ।
13. परीक्षा हॉल/कक्ष में आचरण के लिए परीक्षार्थी बोर्ड के सभी नियमों एवं विनियमों द्वारा नियमित हैं । अनुचित साधनों के सभी मामलों का फैसला बोर्ड के नियमों एवं विनियमों के अनुसार होगा ।
14. किसी हालत में परीक्षा पुस्तिका और उत्तर पत्र का कोई भाग अलग न करें ।
15. **परीक्षा सम्पन्न होने पर, परीक्षार्थी हॉल / कक्ष छोड़ने से पूर्व उत्तर पत्र कक्ष-निरीक्षक को अवश्य सौंप दें । परीक्षार्थी अपने साथ इस परीक्षा पुस्तिका को ले जा सकते हैं ।**

**READ THE FOLLOWING INSTRUCTIONS CAREFULLY:**

1. The manner in which the different questions are to be answered has been explained in the Test Booklet which you should read carefully before actually answering the questions.
2. Out of the four alternatives for each question, only one circle for the correct answer is to be darkened completely with **Black/Blue Ball Point Pen** on **Side-2** of the OMR Answer Sheet. The answer once marked is not liable to be changed.
3. The candidates should ensure that the Answer Sheet is not folded. Do not make any stray marks on the Answer Sheet. Do not write your Roll No. anywhere else except in the specified space in the Answer Sheet.
4. Handle the Test Booklet and Answer Sheet with care, as under no circumstances (except for discrepancy in Test Booklet Code or Number and Answer Sheet Code or Number), another set will be provided.
5. The candidates will write the correct Test Booklet Code and Number as given in the Test Booklet / Answer Sheet in the Attendance Sheet.
6. A machine will read the coded information in the OMR Answer Sheet. Hence, no information should be left incomplete and it should not be different from the information given in the Admit Card.
7. Candidates are not allowed to carry any textual material, printed or written, bits of papers, pager, mobile phone, electronic device or any other material except the Admit Card inside the examination hall/room.
8. Mobile phones, wireless communication devices (even in switched off mode) and the other banned items should not be brought in the examination halls/rooms. Failing to comply with this instruction, it will be considered as using unfair means in the examination and action will be taken against them including cancellation of examination.
9. Each candidate must show on demand his / her Admit Card to the Invigilator.
10. No candidate, without special permission of the Centre Superintendent or Invigilator, should leave his / her seat.
11. The candidates should not leave the Examination Hall/Room without handing over their Answer Sheet to the Invigilator on duty and sign the Attendance Sheet twice. Cases where a candidate has not signed the Attendance Sheet second time will be deemed not to have handed over the Answer Sheet and dealt with as an unfair means case. **The candidates are also required to put their left hand THUMB impression in the space provided in the Attendance Sheet.**
12. Use of Electronic / Manual Calculator is prohibited.
13. The candidates are governed by all Rules and Regulations of the Board with regard to their conduct in the Examination Hall/Room. All cases of unfair means will be dealt with as per Rules and Regulations of the Board.
14. No part of the Test Booklet and Answer Sheet shall be detached under any circumstances.
15. **On completion of the test, the candidate must hand over the Answer Sheet to the Invigilator in the Hall / Room. *The candidates are allowed to take away this Test Booklet with them.***